# متروکہ وقف املاک بورڈ حکومت پاکستان

## نوٹس نیلام عام

متروکہ وقف املاک بورڈ کی ملکیتی پرانا سامان الیکٹرک، سینیٹری، اور سکریپ کا نیلام عام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مندرجہ ذیل شیڈول کے تحت منعقد ہوگا۔

| مقام نیلام | تاریخ نیلام | وقت نیلام |
|---|---|---|
| ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر، ای ٹی کمپلیکس، F/5-1، آغا خان روڈ، اسلام آباد | 30-04-2025 | 11:00 بجے صبح |

نوٹ: کسی وجہ سے تاریخ مقرر پر نیلامی نہ ہونے کی صورت میں آئندہ نیلامی مورخہ 07-05-2025، 14-05-2025، 21-05-2025 کو ہوگی۔

**ابتدائی اہلیت برائے بولی دہندہ:**

1. شناختی کارڈ کا ہونا لازم ہے۔
2. خواہشمند پارٹی کا نام FBR کی ایکٹیو ٹیکس لسٹ (ATL) میں ہونا چاہیے۔
3. کسی بھی گورنمنٹ ادارے کا نادہندہ نہ ہونے کا Affidavit۔
4. مبلغ دولاکھ روپے (200,000) سیکیورٹی پے آرڈر بنام ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر، ای ٹی کمپلیکس، اسلام آباد جمع کروانا ہوگا۔
5. بولی دہندہ کو سرکاری ملازم نہ ہونے کا بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

**شرائط نیلامی:۔**

1. ابتدائی اہلیت کے سب دستاویزات نیلامی کے دن سے ایک دن پہلے 10 بجے تک لازمی جمع کروانی ہوں گی مطلوبہ دستاویزات جمع نہ کروانے کی صورت میں نیلامی میں حصہ لینے کا حقدار نہ ہوگا۔
2. خواہشمند پارٹیاں سامان کا معائینہ اوپر درج مقام پر نیلامی سے دو دن پہلے تک صبح 9 بجے تا سہ پہر 4 بجے تک کر سکتی ہیں۔
3. کامیاب بولی دہندہ کو سب سے زیادہ بولی کی کل رقم کا نقد 25% بطور زر بیعانہ موقع پر ہی جمع کروانا ہوگا۔ بصورت دیگر مبلغ دولاکھ روپے (200,000) سیکیورٹی ڈپازٹ بحق سرکار ضبط ہوگا۔
4. مبلغ دولاکھ روپے (200,000) سیکیورٹی پے آرڈر ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے سب کو واپس کر دی جائے گی۔
5. بقیہ رقم چیئرمین متروکہ املاک بورڈ کی منظوری کے بعد اندر سات یوم داخل خزانہ کروانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور حسب ضابطہ دوبارہ نیلامی ہوگی۔
6. دوران نیلامی، بولی دہندگان سے نیلام کمیٹی بطور زر ضمانت پانچ لاکھ روپے (500,000) کیش کی صورت میں کسی بھی وقت جمع کر سکتی ہے۔ جس کو جمع کروانے کے وہ پابند ہونگے نہ کروانے کی صورت میں بولی دہندہ کو نیلامی سے اٹھا دیا جائے گا اور مبلغ دولاکھ روپے (200,000) ضبط کر لیے جائیں گے۔
7. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی قیمت کے علاوہ سرکاری قوانین کے تحت لاگو ہونے والے انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور دیگر تمام ٹیکس بھی ادا کرنے ہوں۔
8. کامیاب بولی دہندہ تمام سامان چیئرمین متروکہ املاک بورڈ کی منظوری کے بعد 25 دن کے اندر اٹھانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر یومیہ 10,000 روپے جرمانہ عائد ہوگا۔
9. نیلام کمیٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ بغیر وجہ بتائے نیلام عام منسوخ کر دے اور آئندہ تاریخ نیلام عام پر دوبارہ نیلام کی کاروائی عمل میں لائے۔
10. اشتہار نیلام ہذا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دستیاب ہے

Imran Asif

المشتہر: ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر، متروکہ وقف املاک حکومت پاکستان، اسلام آباد۔ فون: 051-9207435